# بس کی اصلاحات سے متعلقہ مشاورت

## اکثر پوچھے گئے سوالات

### اس مشاورت کا انعقاد کیوں کیا جا رہا ہے؟

مشترکہ اتھارٹی سمجھتی ہے کہ اسے اس طریقے کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے جس سے مقامی بسز کو چلایا جاتا ہے تاکہ کیمبرج شائر اور پیٹر بورو میں بہتر بسز کے لیے ہمارے مقاصد کے حصول کو ممکن بنایا جا سکے۔ بسز لوگوں کو مختلف جگہوں پر لے جانے، ہماری کمیونٹیز کو جوڑنے، اور ہماری معیشت کی تشکیل میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ لیکن شواہد اس امر کو ظاہر کرتے ہیں کہ مسافروں کو چیلنجز کا سامنا ہے، جس کے نتیجے میں بہت کم لوگ بس کے ذریعے سفر کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔ رہائشی افراد کا کہنا ہے کہ وہ سروس کو بہتر ہوتا دیکھنا چاہتے ہیں۔ تاہم، موجودہ طور پر جس طریقے سے یہ بسز چلتی ہیں، اس طریقے سے مشترکہ اتھارٹی کو اسے تبدیل کرنے کی محدود صلاحیت ملتی ہے۔

مشاورتی ٹیم کیمبرج شائر اور پیٹر بورو کے میئر کی جانب سے اس امر سے متعلق فیصلے سے آگاہ کرے گی کہ آیا علاقے میں بسز کو چلانے کے ایک مختلف طریقے کے طور پر بس فرنچائزنگ کا اجراء کیا جائے یا نہیں۔ یہ ٹرانسپورٹ ایکٹ 2000 کی جانب سے درکار ایک باضابطہ مشاورت ہے، جس میں بس سروسز ایکٹ 2017 (’ایکٹ‘) کے ذریعے ترمیم کی گئی ہے

مشترکہ اتھارٹی نے کیمبرج شائر اور پیٹر بورو میں بسز چلانے کے لیے اختیارات پر مشتمل ایک جانچ (’جانچ‘) کا انعقاد کیا ہے – یہ بس سے متعلقہ اصلاحات کے دو اختیارات کا موازنہ کرتی ہے، بسز کو چلائے جانے کے حالیہ طریقے کے بارے میں جاننے کے لیے مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم اور بہتر کردہ پارٹنرشپ (EP)۔

اختیارات کی جانچ اور اس کے خود مختار آڈٹ کے بعد، ہمارا ترجیحی اختیار مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم ہے۔ کوئی بھی حتمی فیصلہ کرنے سے قبل، ہمیں مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم اور جانچ کے نتائج سے متعلق قانون کے مطابق قانونی مشیران سے رائے لینے کی ضرورت ہے۔ ہم اپنے منصوبوں سے متعلق عوام کے خیالات سے بھی آگاہی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

### بس سے متعلقہ اصلاحات کیا ہیں؟

بس سے متعلقہ اصلاحات اس طریقے کی تبدیلی کا ایک عمل ہے جس سے سروسز اور مسافروں کے تجربے کو بہتر بنانے کے ہدف کے ساتھ، کیمبرج شائر اور پیٹر بورو کے لوگوں کے فائدے کے لیے زیادہ وسیع پیمانے پر بسز چلائی جاتی ہیں۔ ٹرانسپورٹ ایکٹ 2000 ان قانونی اختیارات کی وضاحت کرتا ہے جو بسز میں اصلاحات نافذ کرنے کی غرض سے مشترکہ اتھارٹی جیسی مقامی ٹرانسپورٹ اتھارٹیز کے پاس ہوتے ہیں۔ اس میں فرنچائزنگ یا بہتر کردہ پارٹنرشپس شامل ہیں۔ ان اختیارات سے متعلق مزید معلومات مشاورتی دستاویز میں موجود ہیں۔

### فرنچائزنگ سے کیا مراد ہے؟

فرنچائزنگ ایک ایسا قانونی ماڈل ہے جہاں بسز کسی مقامی اتھارٹی کے کنٹرول میں ہوتی ہیں (کیمبرج شائر اور پیٹر بورو میں یہ مشترکہ اتھارٹی ہو گی)۔ فرنچائزنگ ماڈل لندن میں 1984 سے نافذ العمل ہے اور اسے ستمبر 2023 میں گریٹر مانچسٹر میں متعارف کروایا گیا تھا۔

فرنچائزنگ کے تحت، مشترکہ اتھارٹی روٹس، تعدد، کرائے اور مجموعی طور پر بسز کے معیارات کا تعین کرے گی۔ کاروباری برتری کی حامل موجودہ مارکیٹ کو ان نجی بس آپریٹرز کے ساتھ تبدیل کر دیا جائے گا جو زیادہ تر سروسز کو آزادانہ طور پر مزید چلانے کے قابل نہیں ہیں۔ اس کے بجائے بس سروسز کو فرنچائز کے معاہدہ جات کے تحت چلایا جائے گا، جہاں بس آپریٹرز مشترکہ اتھارٹی کی جانب سے منعقد کردہ مسابقتی خریداری کے عمل کے ذریعے سروسز چلانے کے لیے بولی لگائیں گے۔

### بہتر کردہ پارٹنرشپ سے کیا مراد ہے؟

بہتر کردہ پارٹنرشپ ایک ایسا قانونی ماڈل ہے جس کے تحت نجی بس آپریٹرز اور مقامی اتھارٹیز ایک ایسا قانونی منصوبہ اور اسکیم (اسکیمز) تیار کرتی ہیں جو ایک مشترک نظریے اور اہداف کی وضاحت کرتا ہے، اور اس امر سے متعلق مخصوص عزائم کا اظہار کرتا ہے کہ وہ مقامی بسز کو بہتر بنانے کے لیے مل کر کیسے کام کریں گے۔ بہتر کردہ پارٹنرشپ کے تحت، مقامی بس سروسز کو نجی ملکیت میں رکھ کر آپریٹ (’آزادانہ حیثیت میں‘) کیا جاتا ہے اور بس آپریٹرز کرایوں سے آمدنی حاصل کرنا جاری رکھتے ہیں اور اس امر سے متعلق اپنے ذاتی فیصلے کرتے ہیں کہ بس سروسز کو کیسے چلایا جائے۔

## میں اس امر سے متعلق مزید کہاں تلاش کر سکتا/سکتی ہوں کہ کمیبرج شائر اور پیٹر بورو میں بس فرنچائزنگ کا مطلب کیا ہو گا؟

درج ذیل لنک پر کلک کر کے ہماری تجاویز سے متعلق مزید تفصیل دیکھی جا سکتی ہے۔ یہاں پر آپ مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم سمیت مشاورت سے متعلقہ تمام امواد کا مشاہدہ کر سکتے ہیں۔

https://cpca-yourvoice.co.uk/bus-franchising-consultation/

## مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم کا اجراء کرنے کی غرض سے مشترکہ اتھارٹی کی اس پر کتنی لاگت آئے گی؟

فرنچائزنگ پر منتقلی کے لیے مشترکہ اتھارٹی کی جانب سے ابتدائی، یک مشت سرمایہ کاری کی ضرورت ہو گی جس کا تخمینہ 3-4 سالوں کی مدت میں £1.42 ملین لگایا گیا ہے (منتقلی کی لاگت)۔ یہ مشاورتی، قانونی اور فراہمی سے متعلقہ فیس کا احاطہ کرے گی۔ مستقبل کی منصوبہ سازی، ڈیزائن، آپریشن اور بس سروسز کی نگرانی کی نظم کاری کرنے کے لیے اسٹاف اور IT سے متعلقہ سالانہ £1.4 ملین کے اضافی اخراجات ہوں گے۔

فرنچائزنگ کا اجراء کرنے کے لیے ابتدائی اخراجات کے علاوہ، مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم کی جاری ڈیلیوری کے فنڈنگ کے ذرائع میں درج ذیل ذرائع شامل ہیں:

- فیئر باکس کی آمدنی – مسافروں کی جانب سے ادا کیے جانے والے کرائے سے حاصل ہونے والا پیسہ۔
- ٹرانسپورٹ لیوی ۔کیمبرج شائر اور پیٹر بورو کی مقامی اتھارٹیز کے تعاون سے حاصل ہونے والا موجودہ فنڈ۔
- میئرل کا حکم نامہ - مشترکہ اتھارٹی کے علاقے میں کونسل کے ٹیکس دہندگان پر چارج کرنے کے ذریعے جمع کردہ فنڈنگ۔
- بس سروس کی فراہمی اور ترقی کے لیے - حکومتی فنڈنگ اور گرانٹس۔
- بس سروسز آپریٹر گرانٹ ۔ آپریٹرز اور کمیونٹی ٹرانسپورٹ کی تنظیمات کو ادا کی جانے والی حکومتی گرانٹ تاکہ ان کے فیول کے اخراجات کے کچھ حصے کی باز ادائیگی میں مدد کی جا سکے۔

## میں اس امر سے متعلق مزید کہاں تلاش کر سکتا/سکتی ہوں کہ کمیبرج شائر اور پیٹر بورو میں بہتر کردہ پارٹنرشپ کا مطلب کیا ہو گا؟

اس امر کی تفصیلات مشاورتی دستاویز کے سیکشن 4 میں تلاش کی جا سکتی ہیں کہ بہتر کردہ پارٹنرشپ کیسے کام کر سکتی ہے۔

https://cpca-yourvoice.co.uk/bus-franchising-consultation/

## بہتر کردہ پارٹنرشپ کو متعارف کروانے کی غرض سے مشترکہ اتھارٹی کی اس پر کتنی لاگت آئے گی؟

بہتر کردہ پارٹنرشپ پر منتقلی کے لیے مشترکہ اتھارٹی کے اندر اسٹافنگ کی سطحوں میں اضافے کی ضرورت ہو گی۔ فعالیت سے متعلقہ اضافی اخراجات کا تخمینہ سالانہ £600,000 لگایا گیا ہے۔ اس کی مزید تفصیلات مشاورتی دستاویز کے صفحہ 98 پر موجود ہیں۔

بہتر کردہ پارٹنرشپ متعارف کروانے کے لیے ابتدائی اخراجات کے علاوہ، فنڈنگ کے ذرائع میں درج ذیل ذرائع شامل ہیں:

- ٹرانسپورٹ لیوی ۔کیمبرج شائر اور پیٹر بورو کی مقامی اتھارٹیز کے تعاون سے حاصل ہونے والا موجودہ فنڈ۔
- بس سروس کی فراہمی اور ترقی کے لیے ۔حکومتی فنڈنگ اور گرانٹس۔
- بس سروسز آپریٹر گرانٹ (مالیاتی طور پر معاونت یافتہ سروسز کے لیے) ۔ آپریٹرز اور کمیونٹی ٹرانسپورٹ کی تنظیمات کو ادا کی جانے والی حکومتی گرانٹ تاکہ ان کے فیول کے اخراجات کے کچھ حصے کی باز ادائیگی میں مدد کی جا سکے۔
- پیش کردہ معاونت یافتہ سروسز سے ہونے والی آمدنی (جن میں سے کچھ کو مجموعی لاگت کے معاہدے کی بنیاد پر اجازت دی جاتی ہے)۔

## کیمبرج شائر اور پیٹر بورو کی بس سے متعلقہ حکمت عملی اور بس سروس کی بہتری کے منصوبے (BSIP) سے کیا مراد ہے؟

ہماری بس سے متعلقہ حکمت عملی کیمبرج شائر اور پیٹر بورو کی بس سروسز میں خاطر خواہ بہتریوں کے تصور کی وضاحت کرتی ہے، تاکہ کار مائیلج میں کمی کرنے اور بس کے استعمال کو دوگنا کرنے کے ہدف کی معاونت کی جا سکے۔ یہ درج ذیل پر دستیاب ہے: بس سے متعلقہ حکمت عملی | کیمبرج شائر اور پیٹر بورو کی مشترکہ اتھارٹی (cambridgeshirepeterborough-ca.gov.uk)

BSIP حکومت کی بس سے متعلقہ قومی حکمت عملی کو ڈیلیور کرنے کے ہمارے مقاصد کی وضاحت کرتی ہے۔ یہ ایک ایسی دستاویز ہے جو بس آپریٹرز کے تعاون سے تیار کی گئی ہے اور اس امر سے متعلق کیمبرج شائر اور پیٹر بورو میں رہائش پذیر افراد اور مقامی مفاد سے متعلقہ گروپس کی جانب سے اظہارِ رائے کو مدنظر رکھتی ہے کہ ہم اپنی بس سروسز کو کیسے بہتر کر سکتے ہیں، اور اس کے حصول کے لیے ہمیں کن ذرائع نافذ کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ درج ذیل پر دستیاب ہے:
https://cambridgeshirepeterborough-ca.moderngov.co.uk/documents/s709/Appendix%20A%20-%20CPCA%20BSIP%202024%20Refresh%20Draft%20V5.1%20after%20DfT%20submission.pdf

## کیمبرج شائر اور پیٹر بورو میں ابھی بسز کون چلاتا ہے؟

اس علاقے میں نجی بس کمپنیز بس سروسز چلاتی ہیں اور زیادہ تر روٹس، ٹائم ٹیبلز، کرائے اور بسز کے لیے معیارات کا تعین کرنے کی ذمہ دار ہیں۔ مشترکہ اتھارٹی کوئی بھی بسز نہیں چلاتی، لیکن یہ سماجی طور پر ضروری سروسز (وہ جو لوگوں کے لیے اہم ہیں لیکن زیادہ پیسے نہیں کماتیں) چلانے اور بصورتِ دیگر کاروباری سروسز میں توسیع کرنے کے لیے مقامی بس کمپنیز کے ساتھ معاہدہ کرتی ہے۔

## مشترکہ اتھارٹی کیا ہے اور یہ کیا کام کرتی ہے؟

کیمبرج شائر اور پیٹر بورو کے علاقے کے لیے کیمبرج شائر اور پیٹر بورو کی مشترکہ اتھارٹی کا قیام میئرل مشترکہ اتھارٹی کے طور پر 2017 میں عمل میں لایا گیا تھا۔ مشترکہ اتھارٹی کا مقصد زندگی کو تمام افراد کے لیے بہتر، زیادہ صحت بخش، اور زیادہ عمدہ بنانا ہے۔

مشترکہ اتھارٹی ہماری مقامی کونسلز، کاروباری بورڈ، مقامی عوامی سروسز، حکومتی ڈپارٹمنٹس اور اداروں، یونیورسٹیوں اور کاروباروں کے ساتھ کام کرتی ہے تاکہ مقامی اور قومی معیشت کی ترقی کو ممکن بنایا جا سکے۔ اسے براہ راست منتخب شدہ میئر اور درج ذیل سات مقامی اتھارٹیز (جنہیں آئین ساز کونسلز کہا جاتا ہے) اور کاروباری بورڈز (مقامی انٹرپرائز پارٹنرشپ) کی مدد سے تشکیل دیا جاتا ہے:

- کیمبرج سٹی کونسل
- کیمبرج شائر کاؤنٹی کونسل
- ایسٹ کیمبرج شائر ڈسٹرکٹ کونسل
- فینلینڈ ڈسٹرکٹ کونسل
- ہنٹنگڈونشائر ڈسٹرکٹ کونسل
- پیٹر بورو سٹی کونسل
- ساؤتھ کیمبرج شائر ڈسٹرکٹ کونسل

## مشترکہ اتھارٹی بسز کے لیے کیا کر رہی ہے؟

نمایاں بہتریوں میں 30 نئی بس سروسز کا اجراء اور پورے علاقے میں راستوں کی بہتریاں شامل ہیں ۔ جن میں سے کئی کی تجویز ان رہائشی افراد کی جانب سے دی گئی تھی جنہوں نے دسمبر 2023 میں ہونے والے ایک سروے میں حصہ لیا تھا۔ 70% رہائشیوں کے یہ کہنے کے بعد کہ وہ بسز کو بہتر کرنے کی خاطر مزید ٹیکس کی ادائیگی کرنے کے لیے تیار ہیں، میئرل حکم نامے کے ذریعے شامل کردہ کونسل ٹیکس سے اس کام کے عوض ادائیگی کی جا رہی ہے۔
وہ اضافی بہتریاں جن سے جنوبی کیمبرج شائر کے رہائشی افراد کو فائدہ ہو گا، ان میں 25 سال سے کم عمر کے حامل ہر فرد کے لیے £1 کرایہ شامل ہے جس کا آغاز جون 2024 میں کیا گیا۔ مشترکہ اتھارٹی نے ٹائیگر نیٹ ورک بھی متعارف کروایا ہے جو پورے علاقے کی بسز کے لیے ایک نئی برانڈنگ ہے اور یہ ان بس شیلٹرز کی بہتریوں کے لیے بھی سرمایہ کاری کر رہا ہے جنہیں مرمت کی اشد ضرورت ہے۔ اس کے بعد ایک آڈٹ انجام دیا گیا جس کے ذریعے علاقے میں تقریباً 3,000 بس اسٹاپس کی نشاندہی کی گئی۔

یہ بہتریاں بس نیٹ ورک کے لیے پانچ نکاتی تصور کو اپنانے کی پیروی کرتی ہیں جہاں مشترکہ اتھارٹی نے درج ذیل امور پر اتفاق کرتی ہے:

- نیٹ ورک میں مزید بسز شامل کرنا

- بس صارفین کو بہتر معلومات فراہم کرنا
- نیٹ ورک کو مزید پائیدار بنانا
- عمدہ، بہتر معیار کی حامل بسز
- صارفین کے لیے رقم کی بہتر اور قابل قدر مناسبت

## مشاورت سے متعلق اکثر پوچھے گئے سوالات

### میں کب حصہ لے سکتا/سکتی ہوں؟

عوامی مشاورت کا عمل 14 اگست سے 20 نومبر 2024 تک جاری ہے۔

### عوامی مشاورت میں کون حصہ لے سکتا ہے؟ کیا میں دیگر افراد کو اس کے متعلق بتا سکتا/سکتی ہوں؟

کوئی بھی حصہ لے سکتا ہے۔ براہ کرم اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو اس بارے میں بتائیں۔ براہ کرم لنک کا اشتراک ہر اس فرد کے ساتھ کریں کہ جس کے بارے میں آپ کا خیال ہے کہ وہ عوامی مشاورت کے عمل میں حصہ لینے میں دلچسپی لے گا۔

آپ کسی گروپ یا تنظیم کی جانب سے مشترکہ جواب جمع کروا سکتے ہیں - براہ کرم consultations@cambridgeshirepeterborough-ca.gov.uk پر ای میل کر کے یہ عمل انجام دیں۔ براہ کرم اس لنک کا اشتراک اپنے ساتھیوں اور ممبران کے ساتھ بھی کریں تاکہ اگر وہ انفرادی جواب فراہم کرنا چاہیں تو انہیں اس کا موقع مل سکے۔

### میں کیسے جواب دوں؟

ہم چاہیں گے کہ آپ سوالنامہ پُر کریں۔ مختصر ورژن 10 سوالات پر مشتمل ہے، اور طویل ورژن 31 سوالات پر مشتمل ہے۔ آپ سوالنامے کے کسی بھی ورژن کا جواب دے سکتے ہیں اور آپ کو تمام سوالات کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ ہمارا سوالنامہ مکمل کر کے جمع کروا سکتے ہیں https://cpca-yourvoice.co.uk/bus-franchising-consultation/

مختصر سروے کو مکمل کرنے کے لیے، یہ تجویز دی جاتی ہے کہ آپ مشاورتی دستاویز کے سیکشنز 1-6 کا مطالعہ کریں۔

طویل سوالنامے کا جواب دینے کے لیے، یہ تجویز دی جاتی ہے کہ آپ مشاورتی دستاویز کے سیکشنز 1-5 اور 7 پڑھیں۔

اگر آپ سوالنامہ آن لائن پُر نہیں کر سکتے، تو آپ ہمارے ایونٹس میں سے کسی ایک میں کاغذی کاپی پُر کر سکتے ہیں۔ اس کے بعد آپ کی مکمل کردہ کاغذی کاپی ایونٹ میں پیش کی جا سکتی ہے یا درج ذیل پتے پر بھیجی جا سکتی ہے: 2nd Floor, Pathfinder House, St Mary's Street, Huntingdon, Cambs, PE29 3TN

### مختصر اور طویل سروے میں کیا فرق ہے؟

ہم نے یہ مختصر سوالنامہ خاص طور پر آپ کے لیے تیار کیا ہے تاکہ آپ مشاورت کے جواب میں استعمال کر سکیں، جس کا ارتکاز ان اہم شعبہ جات پر ہے جن سے متعلق ہمیں آپ کی رائے درکار ہے۔ طویل سوالنامہ خاص طور پر ان اسٹیک ہولڈرز اور قانونی مشیران کے لیے ہے جو بس مارکیٹ کا بہترین فہم رکھتے اور اس میں دلچسپی کے حامل ہوں نیز اس کو چلائے جانے کے طریقے سے آگاہ ہوں۔ آپ جو بھی سوالنامہ پُر کرنا چاہتے ہیں، تو اس کے لیے آپ کا خیر مقدم کیا جاتا ہے۔

### کیا میں ذاتی طور پر ایونٹ میں شرکت کر سکوں گا/گی؟

ہم کئی ایونٹس کی میزبانی کر رہے ہیں۔ ہماری ٹیم آپ کے سوالات کا جواب دینے اور آپ کی معاونت کرنے کے لیے موجود ہو گی۔

ہمارے ایونٹس کی فہرست یہاں فراہم کی جائے گی: https://cpca-yourvoice.co.uk/bus-franchising-consultation/

## میرے فیڈبیک کا استعمال کیسے کیا جائے گا اور ہمیں نتائج سے متعلق کب معلوم ہو گا؟

اس امر سے متعلق کوئی بھی فیصلہ کرتے وقت تمام جوابات کو مشاورتی عمل کے حصے کے طور پر مدنظر رکھا جائے گا کہ آیا مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم کا اجراء کیا جائے یا نہیں۔ فی الوقت 2025 کے آغاز میں یہ فیصلہ متوقع ہے۔ تاہم، یہ تبدیلی سے مشروط ہے، اس کا انحصار مشاورت کی پیشرفت اور نتیجے اور فیصلہ سازی کی کسی بھی قسم کی مابعد عمل کاریوں پر ہے۔

## کیا آپ مجھے پیشرفت سے متعلق آگاہ کرتے رہیں گے؟

آپ کسی بھی قسم کی اپ ڈیٹس کو یہاں پر فالو کر سکتے ہیں: https://cpca-yourvoice.co.uk/bus-franchising-consultation/

## میری فراہم کردہ ذاتی معلومات کا استعمال کس مقصد کے لیے کیا جائے گا؟

آپ کی فراہم کردہ تمام ذاتی معلومات (جیسا کہ عمر، پوسٹ کوڈ، جنس) کو رازدارانہ رکھا جائے گا اور اس کا استعمال صرف اس مشاورتی عمل میں شامل اہم نتائج اور رجحانات کے جائزے کے لیے کیا جائے گا۔ جب ہم فیڈبیک کو دیکھتے ہیں، تو ہم اسے عمر اور جنس جیسی چیزوں کے لحاظ سے علیحدہ کرتے ہیں، جس سے ہمیں اس امر کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ خیالات لوگوں کے مختلف گروپس پر کیسے اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ اس سے ہمیں ہمارے خیالات کو بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔ آپ یہاں پر کلک کر کے ہمارے رازداری کے نوٹس کو پڑھ سکتے ہیں: https://cpca-yourvoice.co.uk.co.uk/wp-content/uploads/2024/08/Privacy-notice.pdf

## میں آپ سے کیسے رابطہ کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ consultations@cambridgeshirepeterborough-ca.gov.uk پر ہمارے ساتھ ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں یا 01480 277180 پر ہمیں کال کر سکتے ہیں۔

## اگر میں نے بروقت اپنا جواب جمع نہیں کروایا تو کیا ہو گا؟

جوابات کے لیے ڈیڈلائن 20 نومبر 2024 ہے۔ اگر آپ جواب دینا چاہتے ہیں، تو براہ کرم اس وقت سے قبل ایسا کرنے کو یقینی بنائیں کیونکہ ہم اس امر کی ضمانت نہیں دے سکتے کہ تاخیر سے موصول ہونے والے جوابات کو قبول کیا جائے گا۔

## میں مشاورتی دستاویز اور سوالنامے کا قابل رسائی یا ترجمہ شدہ ورژن کیسے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟

مشاورتی دستاویز اور سوالنامہ سب قابل رسائی ہیں اور ترجمے کے زیادہ تر سافٹ ویئرز کے ساتھ مطابقت پذیر ہیں۔ آپ https://cpca-yourvoice.co.uk/bus-franchising-consultation/ سے ان تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں

اگر آپ کو مختلف طریقے سے جواب دینے کی ضرورت ہے، یا کسی مختلف فارمیٹ یا زبان میں مشاورتی امواد کی ضرورت ہے، تو آپ درج ذیل پر ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں:

ای میل: consultations@cambridgeshirepeterborough-ca.gov.uk
ٹیلی فون: 01480 277180
ڈاک: 2nd Floor, Pathfinder House, St Mary's Street, Huntingdon, Cambs, PE29 3TN

## مجھے سوالنامہ پُر کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے

اگر آپ کو سوالنامہ پُر کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے، تو آپ ہمارے مقامی ایونٹس میں سے کسی ایک میں شامل ہو سکتے ہیں، جن کی فہرست ہمارے مرکزی صفحے پر فراہم کی گئی ہے، جہاں ہماری ٹیم کا کوئی ممبر سوالنامہ پُر کرنے کے لیے آپ کی مدد کرنے کے قابل ہو گا۔

آپ (01480 277180) پر ہمیں کال کر سکتے ہیں اور اپنا نام اور رابطے کی تفصیلات چھوڑ سکتے ہیں۔ ہماری ٹیم کا کوئی ایک فرد جلد از جلد آپ سے رابطہ کرے گا۔

## آگے کیا ہو گا؟

مشترکہ اتھارٹی کی جانب سے تمام جوابات موصول کیے جائیں گے اور ان پر عمل کاری کی جائے گی اور Walnut Unlimited اور Westco Communications Ltd کے ساتھ ان کا اشتراک کیا جائے گا تاکہ مشاورتی عمل کے حصے کے طور پر ان کا جائزہ لیا جا سکے۔

ایک دفعہ جوابات کا تجزیہ ہو جانے اور مشترکہ اتھارٹی اور میئر کی جانب سے نتائج کی رپورٹ پر غور کیے جانے کے بعد، مشترکہ اتھارٹی ایک رپورٹ شائع کرے گی جو مشاورت کے حوالے سے اس کے رد عمل اور اس امر سے متعلق میئر کے فیصلے کی وضاحت کرے گی کہ آیا مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم تیار کی جائے یا نہیں۔

فی الوقت 2025 کے آغاز میں یہ فیصلہ متوقع ہے۔ تاہم، یہ پیشرفت اور مشاورت کی بنیاد پر، اور اس کے علاوہ مشترکہ اتھارٹی کے کام سے متعلقہ دیگر معاملات کی بنیاد پر تبدیلی سے مشروط ہو سکتی ہے۔

مشاورتی عمل کے اختتام پر، ایکٹ مشترکہ اتھارٹی کو مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم میں تبدیلیاں کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ ان ترامیم کو جو کیمبرج شائر اور پیٹر بورو کی بسز (بشمول بس نیٹ ورک) میں حالیہ ترین تبدیلیوں کی عکاسی کرتی ہیں یا ان تبدیلیوں کو مجوزہ فرنچائزنگ اسکیم کا حصہ بنایا جائے جو مشاورتی جوابات کی عکاسی کرتی ہیں۔

## رسائی اور رابطے کی معلومات

اگر آپ کے کوئی بھی سوالات ہیں، مختلف طریقے سے جواب دینا چاہتے ہیں، کسی مختلف فارمیٹ میں مشاورتی امواد کی ضرورت ہے، یا کوئی شکایت کرنا چاہتے ہیں، تو آپ درج ذیل کے ذریعے ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں:

ای میل: consultations@cambridgeshirepeterborough-ca.gov.uk
ٹیلی فون: 01480 277180
ڈاک: 2nd Floor, Pathfinder House, St Mary's Street, Huntingdon, Cambs, PE29 3TN

## میں مشاورتی دستاویز کی کاغذی کاپی کہاں پڑھ سکتا/سکتی ہوں؟

مشاورتی دستاویز کی کاپیز کیمبرج شائر اور پیٹر بورو میں درج ذیل مقامات
پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں:

لائبریریز اور کونسل کے دفاتر

نوٹ: اس فہرست میں مزید مقامات اور جگہوں کو شامل کیا جا سکتا ہے۔ وہ تمام مقامات جہاں ہارڈ کاپیز دستیاب ہیں، ان کی تازہ ترین فہرست کے لیے، براہ کرم درج ذیل پر جائیں:
https://cpca-yourvoice.co.uk/bus-franchising-consultation/

## ڈراپ اِن ایونٹس

ہم درج ذیل ڈراپ اِن ایونٹس کی میزبانی کر رہے ہیں:

https://cpca-yourvoice.co.uk/bus-franchising-consultation/